ilmkidunya

علم کی دُنیا

Islamiate Elective - FA Part 1 Islamiat Elective Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. چوتھے ، پانچویں اور چھٹے آسمان پر آپ(ص)کی ملاقات کس سے ہوئی؟

Ans 1: چوتھے آسمان پرآپ(ص) کی ملاقات حضرت ادریس سے ہوئی.پانچویں آسمان پر حضرت ہارون(ع) اور چھٹے آسمان پر حضرت موسیٰ سے ہوئی.

Q2. اسلام سے قبل عرب کی چند بری رسومات لکھیے.

Ans 1: 1.بے رحمی 2.سنگدلی 3. توہم پرستی 4.فال گیری 5.سود خوری 6.شراب نوشی اور قما بازی 7.لڑکیوں کو زندہ دفنا دینا.

Q3. فتح مکہ کے فوری اسباب لکھیں.

Ans 1: 1.قریش کی طرف سے صلح حدیبہ کی پاسداری نہ کرنا 2.قریش کا متکبرانہ انداز سے معاہدہ ختم کرنے کا اعلان 3.خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کرنا

Q4. ہجرت مدینہ کے اسباب مختصراَ بیان کریں.

Ans 1: اہل مکہ کا ظلم و تشدد ،دین اسلام کا ترقی نہ کرنا،ہجرت حبشہ کا کامیاب تجربہ،قریش کی مخالفت میں اضافہ ،ایک مدینہ کا قبول اسلام،مدینہ کی جعرافیائی حیثیت ،حضور(ص) کو قتل کرنے کا فیصلہ.

Q5. ان دو بادشاہوں کے نام لکھیں جنہیں حضور(ص) خط بھیجے تھے.

Ans 1: جن دو بادشاہوں کو حضور(ص) نے خط بیھجے ان میں ایک "قیصر روم" تھا اور دوسرا بادشاہ "کسرٰی شہنشاہ ایران تھا".

Q6. صلح حدیبیہ کب اور کس مقام پر ہوئی؟

Ans 1: صلح حدیبیہ نواح مکہ میں حدیبیہ کے مقام پر 6 ہجری کو ہوئی.

Q7. فترہ الوحی کا مفہوم لکھیں.

Ans 1: پہلی وحی کے بعد چھ ماہ تک وحی کی آمد منقطع رہی،اس عرصے کو "فترى الوحی " یعنی وحی کے رک جانے کی مدت کہا جاتا ہے.

Q8. یہودی قبیلہ بنو قریظہ نے کیا کیا اور ان کے بارے میں کیا فیصلہ کیا گیا؟

Ans 1: یہودی قبیلہ بنو قریظہ نے عین خطرے کے وقت مسلمانوں نے بدعہدی کرتے ہوئے کافروں سے گٹھ جوڑ کر لیا،چنانچہ جنگ احزاب کے ختم ہوتے ہی حضور(ص) نے بنو قریظہ کا محاصرہ کر لیا یہود نے سعد بن معاذ(رض) کو ثالث بنا کر ہتھیار ڈال دئیے.

Q9. سفر طائف میں کون آپ(ص) کے ساتھ تھے؟

Ans 1: سفر طائف میں حضرت زید بن حارث(رض) آپ(ص) کے پاس تھے.

Q10. قبل از اسلام عرب کی تین خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.مہمان نواز 2.وعدہ کی پابندی 3.شجاعت